# کنواری لڑکی کے لیے میک اپ کرنے کا شرعی حکم

دار الافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کنواری لڑکی کے لیے میک اپ کرنے کا شرعی حکم کیا ہے؟ رہنمائی فرمادیں۔

## جواب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

کنواری لڑکی کے لیے بھی شریعت کی حدود میں رہ کر میک اَپ کرنا جائز ہے، میک اَپ حلال اور پاکیزہ چیزوں سے تیار کیا گیا ہو اور اس کے کرنے میں کسی غیر شرعی امر کا ارتکاب لازم نہ آئے، کسی غیر محرم پر اس کا اظہار نہ ہو کہ میک اَپ زینت و آرائش کا ایک ذریعہ ہے اور عورت کو اپنی زینت اختیار کرنے کی اجازت ہے، چاہے وہ شادی شدہ ہو یا غیر شادی شدہ۔ کنواری لڑکیوں کو زینت اس نیت سے اپنانی چاہیئے کہ رشتہ دار اور محلہ دار خواتین اس کے اوڑھنے پہننے اور سلیقہ مندی کو دیکھ کر اس کے بارے میں اچھا تاثر قائم کریں اور جان پہچان والوں میں رشتے کے لئے اچھا تذکرہ کر سکیں، اور اسے سنت کہا گیا ہے اور عورت کا قدرت ہونے کے باوجود بالکل بے زیور رہنا مکروہ قرار دیا گیا ہے کہ اس میں مردوں سے مشابہت ہے۔

زینت جائز ہونے کے بارے میں اللہ پاک ارشاد فرماتا ہے: (قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِیْنَةَ اللّٰهِ الَّتِیْۤ اَخْرَ جَ لِعِبَادِهٖ) ترجمہ کنز الایمان: تم فرماؤ! کس نے حرام کی اللہ کی وہ زینت، جو اس نے اپنے بندوں کے لئے نکالی۔ (القرآن، پارہ 8، سورۃ الاعراف، آیت: 32)

اس آیت کے تحت تفسیرِ صراط الجنان میں ہے ”آیت میں لفظِ "زینت" زینت کی تمام اقسام کو شامل ہے، اسی میں لباس اور سونا چاندی بھی داخل ہے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ جس چیز کو شریعت حرام نہ کرے، وہ حلال ہے۔ حرمت کے لئے دلیل کی ضرورت ہے، جبکہ حلت کے لئے کوئی دلیل خاص ضروری نہیں۔“ (صراط الجنان، جلد 03، صفحہ 303، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "بلکہ کنواری لڑکیوں کو زیور و لباس سے آراستہ رکھنا کہ ان کی منگنیاں آئیں، یہ بھی سنت ہے۔۔۔ بلکہ عورت کا باوصفِ قدرت بالکل بے زیور رہنا مکروہ ہے کہ مردوں سے تشبہ ہے۔" (فتاوی رضویہ، جلد22، صفحہ126، 127، رضا فاؤنڈیشن، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-4249

**تاریخ اجراء:** 26ربیع الاول1447ھ/20ستمبر2025ء


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net